# سندھ ایکٹ نمبر IX مجریہ ۲۰۱۷

# SINDH ACT NO.IX OF 2017

# جیکب آباد انسٹیٹوٹ آف میڈیکل سائنسز (ترمیم) ایکٹ، ۲۰۱۷

# THE JACOBABAD INSTITUTE OF MEDICAL SCIENCES (AMENDMENT) ACT, 2017

## فہرست (CONTENTS)


تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1. مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

2. ۲۰۱۳ کے سندھ ایکٹ نمبر XIX کی دفعہ ۳ کی ترمیم

Amendment of Section 3 of Sindh Act No.XIX of 2013

3. ۲۰۱۳ کے سندھ ایکٹ XIX کی دفعہ ۴ کو ختم کرنا

Omission of section 4 of Sindh Act No.XIX of 2013

4. ۲۰۱۳ کے سندھ ایکٹ نمبر XIX کی دفعہ ۵ کی ترمیم

Amendment of Section 4 of Sindh Act No.XIX of 2013

5. ۲۰۱۳ کے سندھ ایکٹ نمبر XIX کی دفعہ ۷ ترمیم

Amendment of Section 7 of Sindh Act No.XIX of 2013

6. ۲۰۱۳ کے سندھ ایکٹ نمبر XIX کی دفعہ ۸ کی ترمیم

Amendment of Section 8 of Sindh Act No.XIX of 2013

7. ۲۰۱۳ کے سندھ ایکٹ نمبر XIX کی دفعہ ۹ کی ترمیم

Amendment of Section 9 of Sindh Act No.XIX of 2013

8. ۲۰۱۳ کے سندھ ایکٹ نمبر XIX کی دفعہ ۱۰ کی ترمیم

Amendment of Section 10 of Sindh Act No.XIX of 2013

9.۲۰۱۳ کے سندھ ایکٹ نمبر XIX کی دفعہ ۱۱ کی ترمیم

Amendment of Section 11 of Sindh Act No.XIX of 2013

10. ۲۰۱۳ کے سندھ ایکٹ نمبر XIX کی دفعہ ۱۳ کی ترمیم

Amendment of Section 13 of Sindh Act No.XIX of 2013

# سندھ ایکٹ نمبر IX مجریہ ۲۰۱۷

# SINDH ACT NO.IX OF 2017

# جیکب آباد انسٹیٹوٹ آف میڈیکل سائنسز (ترمیم) ایکٹ، ۲۰۱۷

# THE JACOBABAD INSTITUTE OF MEDICAL SCIENCES (AMENDMENT) ACT, 2017

[۱۲اپریل،۲۰۱۷]

ایکٹ جس کے ذریعے جیکب آباد انسٹیٹوٹ آف میڈیکل سائنس ایکٹ، ۲۰۱۳میں ترمیم کی جائیگی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ جیکب آباد انسٹیٹوٹ آف میڈیکل سائنسز ایکٹ، ۲۰۱۳ میں ترمیم کرنا ضروری ہو گیا ہے، جو اس طرح ہو گی؛

اس اس طرح عمل میں لایا جائیگا۔

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

1.(1) اس ایکٹ کو جیکب آباد انسٹیٹوٹ آف میڈیکل سائنسز (ترمیم) ایکٹ، ۲۰۱۳ کہا جائیگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۰۱۳ کے سندھ ایکٹ نمبر XIX کی دفعہ ۳ کی ترمیم

Amendment of Section 3 of Sindh Act No.XIX of 2013

2. جیکب آباد میڈیکل سائنسز ایکٹ، ۲۰۱۳ میں، جس کو اس بعد مندرجہ ایکٹ کہا جائیگا، اس کی دفعہ ۳ میں، ذیلی دفعہ (1) کے لیئے مندرجہ ذیل تبدیلی کی جائیگی۔

"(1) ادارہ جس کو جیکب آباد انسٹیٹوٹ آف میڈیکل سائنسز کہا جائیگا، جیب آباد میں قائم کیا جائیگا۔"

۲۰۱۳ کے سندھ ایکٹ XIX کی دفعہ ۴ کو ختم کرنا

Omission of section 4 of Sindh Act No.XIX of 2013

3. مندرجہ ذیل ایکٹ میں، دفعہ ۴ کو ختم کیا جائیگا۔

**۲۰۱۳ کے سندھ ایکٹ نمبر XIX کی دفعہ ۵ کی ترمیم**

**Amendment of Section 4 of Sindh Act No.XIX of 2013**

4. مندرجہ ذیل ایکٹ کی دفعہ ۵ میں، شق (vi) کے بعد، مندرجہ ذیل شامل کیا جائیگا:

”(vi-i) ڈگریز، ڈپلوماز، سرٹیفکیٹس اور دیگر تعلیمی اسناد ایسے اشخاص کو دینے یا اعزاز دینے جس کے بیان کردہ شرائط کے مطابق امتحان پاس کیا ہے۔

(vi-ii) کسی یونیورسٹی سے الحاق کرنا اور میڈیکل اداروں کا الحاق ختم کرنا اور الحاق کردہ یا الحاق چاہنے والی کالیجز اور دیگر تعلیمی اداروں کی جانچ کرنا“

**۲۰۱۳ کے سندھ ایکٹ نمبرXIX کی دفعہ ۷ ترمیم**

**Amendment of Section 7 of Sindh Act No.XIX of 2013**

5. مندرجہ ذیل ایکٹ کی دفعہ ۷ کی ذیلی دفعہ (1) میں، لفظ ”گورنر“ کے لیئے لفظ ”وزیر اعلیٰ“ متبادل بنایا جائیگا۔

**۲۰۱۳ کے سندھ ایکٹ نمبر XIX کی دفعہ ۸ کی ترمیم**

6. مندرجہ ذیل ایکٹ کی دفعہ ۸ کی ذیلی دفعہ (1) میں، مندرجہ طرح تبدیلی کی جائیگی:

Amendment of Section 8 of Sindh Act No.XIX of 2013

"(1) اداروں کو عام ہدایات اور انتظام اور اس کے معاملات بورڈ کے پاس رہینگے، جو مندرجہ ذیل پر مشتمل ہونگے:

| | |
|---|---|
| (i) وزیر صحت یا اگر کوئی وزیر صحت نہیں ہے تو حکومت کی جانب سے نامزد کردہ کابینا کا ممبر | چیئرمین |
| (ii) سیکریٹری صحت | وائس چیئرمین |
| (iii) سندھ اسمبلی کے اسپیکر کی جانب سے نامزد کردہ صوبائی اسمبلی سندھ کے چار ممبر | ممبر |
| (iv) سیکریٹری مالیات یا اس کا نمائندہ جو بی ایس-۱۹ کی رینک سے کم نہیں ہوگا۔ | ممبر |
| (v) رجسٹرار شہید بینظیر بھٹو میڈیکل یونیورسٹی لاڑکانہ | ممبر |
| (vi) کمشنر لاڑکانہ ڈویژن، اس کی غیر موجودگی میں ڈپٹی کمشنر جیکب آباد | ممبر |
| (vii) ایک پروفیشنل جس کا میڈیکل سائنسز کے میدان میں قابل حصہ ہو، جو قومی اور بین الاقوامی سطح پر مشہور ہو (حکومت کی جانب سے نامزد کیا جائیگا) | ممبر |
| (viii) عدلیہ کا ممبر جو سندھ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کی جانب سے نامزد کیا جائیگا | ممبر |
| (ix) ڈائریکٹر انسٹیٹوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن سکھر | ممبر |

| | |
|---|---|
| (x) رجسٹرار کالج آف فزیشن اینڈ سرجنز آف پاکستان (س پی ایس پی) | ممبر |
| (xi) چیمبر آف کامرس جیکب آباد کا صدر | ممبر |
| (xii) جیکب آباد کے آسپاس والے علائقوں میں انسان دوست سرگرمیوں میں نامور دو شہری حکومت کی جانب سے نامزد کیئے جائینگے | ممبرز |
| (xiii) محکمہ صحت کا اسپیشل سیکریٹری | ممبر |
| (xiv) پاکستان ایئرفورس شہباز بیس جیب آباد کا افسر کمانڈنگ یا اس کا نمائندہ جو گروپ کیپٹن کے عہدے سے کم نہیں ہو گا | ممبر |
| (xv) ڈائریکٹر | ممبر / سیکریٹری |

۲۰۱۳ کے سندھ ایکٹ نمبر XIX کی دفعہ ۹ کی ترمیم

Amendment of Section 9 of Sindh Act No.XIX of 2013

7. مندرجہ ذیل ایکٹ کی دفعہ ۹ کی ذیلی دفعہ (۲) میں شق (viii) کے بعد مندرجہ شامل کی جائیگی:

"(ix) ادارے کی تمام یا کچھ حصے کے انتظامات اور خدمات کو مکمل کرنے کے لیئے نجی سیکٹر کے ادروں سے معاہدے میں شامل ہونا۔"

۲۰۱۳ کے سندھ ایکٹ نمبرXIX کی دفعہ ۱۰ کی ترمیم

Amendment of Section 10 of Sindh Act No.XIX of 2013

8. مندرجہ ذیل ایکٹ کی دفعہ ۱۰ میں:

(i) ذیلی دفعہ (1) کے لیئے مندرجہ طرح متبادل ہو گا:

"(1) بورڈ کم سے کم تین ماہ کے وقفے سے ایسی تاریخیں پر جو ڈائریکٹر کی جانب سے چیئرمین کی مشاورت سے طئے کی جائیگی۔"

(ii) ذیلی دفعہ (6) کے بعد درج ذیل کو شامل کیا جائے گا:

"(۷) نامزد ممبر کا عہدہ خالی ہو جائے گا اگر وہ مستعفی ہو جاتا ہے یا کسی مناسب وجہ یا غیر حاضری کی چھٹی کے بورڈ کے مسلسل تین میٹنگز میں حاضر ہونے میں ناکام ہوتا ہے۔"

۲۰۱۳ کے سندھ ایکٹ نمبر XIX کی دفعہ ۱۱ کی ترمیم

Amendment of Section 11 of Sindh Act No.XIX of 2013

9. درج ذیل ایکٹ کی دفعہ ۱۱ میں، مندرجہ شرائط بیان ختم کی جائیگی۔

"بشرطیکہ یہ کہ ضلع ہیڈ کوارٹر جیکب آباد کے میڈیکل سپرنٹینڈنٹ کا عہدہ رکھنے والا شخص اس ایکٹ کے لاگو ہونے کے فی الفور پہلے ادارے کا پہلا ڈائریکٹر ہو گا۔"

| | |
|---|---|
| 11. درج ذیل ایکٹ کی دفعہ ۱۳ میں، ذیلی دفعہ (۲) کے لیئے متبادل ہو گا:<br>"(۲) اکیڈمک کائونسل ادارے کے پروفیسرز اور ایسوسیئیٹ پروفیسرز پر مشتمل ہو گی، جو اس میں سے دو سال کی مدت کے لیئے چیئرمین منتخب ہونگے اور ایک طالب علم نمائندہ اکیڈمک کائونسل کی جانب سے نامزد کیا جائیگا۔" | ۲۰۱۳ کے سندھ ایکٹ نمبر XIX کی دفعہ ۱۳ کی ترمیم<br>Amendment of Section 13 of Sindh Act No.XIX of 2013 |

**نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**